فوری ریلیز کے لیے: 31/7/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے جاں بحق فائر چیف STEPHEN WOEHRLE کے اعزاز میں پرچم سرنگوں رکھنے کی ہدایت جاری کی

ریاست نیو یارک بھر میں ہفتہ، 1 اگست کو پرچم سرنگوں رکھے جائیں گے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ہدایت جاری کی کہ پیسیکو رضاکار فائر کمپنی کے فائر چیف Stephen Woehrle (اسٹیفن وورلی) کے اعزاز میں، جو پیر، 20 جولائی 2026 کو فرائض کی انجام دہی کے دوران جاں بحق ہوگئے، 1 اگست بروز ہفتہ طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک تمام ریاستی سرکاری عمارتوں پر پرچم سرنگوں رکھے جائیں۔

"اسٹیفن کی خدمت اور قیادت سے بھرپور زندگی اُن لوگوں کے لیے ایک مثال ہے جنہوں نے اُن کے ساتھ کام کیا اور اُن تمام افراد کے لیے بھی جو اُن کے نقش قدم پر چلتے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہم شکر گزار ہیں کہ اسٹیفن نے خدمت کی پکار پر لبیک کہا، اور ہم اُن کے اہل خانہ، دوستوں اور ساتھی اولین امدادی کارکنان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔"

پیسیکو رضاکار فائر کمپنی میں اپنی خدمات کے علاوہ، چیف Woehrle (وورلی) اس سے قبل ایلمزفورڈ فائر ڈیپارٹمنٹ (Elmsford Fire Department) کے چیف کے طور پر خدمات انجام دے چکے تھے، انہوں نے فائر سروس کے لیے 48 سال وقف کیے اور ایلمزفورڈ پولیس ڈیپارٹمنٹ (Elmsford Police Department) سے پولیس سارجنٹ کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے تھے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔